جس روزہ دار نے بھول کر کھا پی لیا وہ اپنا روزہ مکمل کرے کیوں کہ اسے اللہ نے کھلایا اور پلایا ہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "جس روزہ دار نے بھول کر کھا پی لیا وہ اپنا روزہ مکمل کرے کیوں کہ اسے اللہ نے کھلایا اور پلایا ہے"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ جس نے فرض یا نفل روزہ کی حالت میں بھول کر کچھ کھا یا پی لیا، وہ اپنا روزہ پورا کرے اسے توڑ نے دے کیوں کہ اس نے جان بوجھ کر کھایا یا پیا نہیں ہے بلکہ خود اللہ نے اسے کھلایا اور پلایا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4525